بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

''اسلام کی نشاۃِ ثانیہ: کرنے کا اصل کام'' نامی کتابچہ مرکزی انجمن کے صدر مؤسس' محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے تحریر کردہ اہم ترین مقالات میں سے ایک ہے۔ احیاءِ اسلام کے تقاضوں کے حوالے سے اسے محترم ڈاکٹر صاحب کے فکر کا نچوڑ کہنا غلط نہ ہوگا۔ ۲۴ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ جامعیت اور اختصار کا کچھ ایسا مرقع ہے کہ اس کی تشریح و توضیح کا حق ادا کرنے کے لئے شاید سینکڑوں صفحات درکار ہوں۔

حال ہی میں محترم ڈاکٹر صاحب نے بعض احباب کے اصرار پر اس کتابچے کے مضامین کی وضاحت پر مشتمل تین لیکچرز کا پروگرام ترتیب دیا۔ ۷ تا ۹ /اگست' روزانہ بعد نماز مغرب قرآن آڈیٹوریم لاہور میں دو' دو گھنٹے کے لیکچرز ہوئے جن میں رفقاء و احباب کی ایک اچھی خاصی تعداد نے شرکت کی۔ ان لیکچرز کی ویڈیو ریکارڈنگ کا خاص طور پر اہتمام کیا گیا تھا۔ قبل ازیں' آج سے قریباً دس سال قبل بھی محترم ڈاکٹر صاحب نے ایک مطالعاتی پروگرام میں اس کتابچے کی مفصل وضاحت فرمائی تھی جو تین تین گھنٹہ دورانیے کے ۳ ویڈیو کیسٹس میں بمشکل سما سکی تھی۔ لیکن وہ ریکارڈنگ چونکہ خاصی غیر معیاری تھی اور یوں بھی مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ اس کے ماسٹر کیسٹ بھی بتدریج زوال پذیر ہوتے چلے گئے لہٰذا ان لیکچرز کی دوبارہ ریکارڈنگ ناگزیر ہو چکی تھی۔

بحمد اللہ' اس اہم کتابچے کے حوالے سے احباب کا ایک دیرینہ مطالبہ پورا ہوا۔ محترم ڈاکٹر صاحب کے یہ توضیحی لیکچرز آڈیو اور ویڈیو دونوں صورتوں میں مکتبہ انجمن سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ مرکزی انجمن خدام القرآن کے پیش نظر فکرِ قرآنی کے حوالے سے جو اعلیٰ علمی و تحقیقی کام ہے اس کی فکری اساس کی حیثیت اسی کتابچے کو حاصل ہے۔ چنانچہ مرکزی انجمن کے اس سارے کام کی پشت پر کارفرما فلسفہ و فکر کو جاننے کے لئے جہاں اس کتابچے کا مطالعہ بہت ضروری ہے' وہاں اسے تفصیل سے سمجھنے کے لئے مذکورہ بالا لیکچرز کے آڈیو/ویڈیو کیسٹ سے استفادہ بھی ناگزیر ہے۔ OO